# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu news Bulletin**

**Date : 19 August 2026**

**Time : 09:25 / AM**

**Opening**

آداب
یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں عابدہ اختر۔

ایل جی

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ انتظامیہ سابق فوجیوں اور ان کے اہل خانہ کی فلاح و بہبود کو یقینی بنانے کی وعدہ بند ہے۔ جموں میں جموں وکشمیر راجیہ سینک بورڈ کی 81ویں میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سابق فوجیوں کی قربانیوں کو کسی بھی صورت میں فراموش نہیں کیا جائے گا۔ میٹنگ کے دوران ایکس Servicemen کنٹریبیوٹری ہیلتھ سکیم کے ساتھ مختلف اسپتالوں کی Empenalment کے امکانات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ میٹنگ میں فوج کی شمالی کمان کے سربراہ لیفٹننٹ جنرل پرتیک شرما اور چیف سیکرٹری اٹل ڈلو کے علاوہ کئی دیگر افسران بھی موجود تھے۔

CM

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ آج سرینگر شہر کے کئی علاقوں کا دورہ کررہے ہیں۔ اپنے دورے کے دوران وزیر اعلیٰ شہر میں مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کی پیش رفت اور بلدیاتی ڈھانچے کو مستحکم بنانے پر جاری کام کے علاوہ عوامی خدمات کی فراہمی کا جائزہ لے رہے ہیں۔ آج صبح بربر شاہ سرینگر کے دورے کے دوران انہوں نے وہاں پُل کی تعمیر کیلئے مجوزہ Site کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ پُل کی تعمیر سے شہر خاص میں ٹریفک کی نقل وحمل میں مزید بہتری آئے گی۔ وزیر اعلیٰ نے مہاراج گنج سرینگر میں اربن پرائمری ہیلتھ سینٹر کی عمارت

پر جاری کام کا بھی جائزہ لیا۔نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری، وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی اور دیگر کئی حکام ان کے ہمراہ تھے۔

ECI

الیکشن کمیشن آف انڈیا نے ملک کے چناو نظام سے متعلق ایک فیکٹ شیٹ جاری کیا ہے۔کمیشن نے کہا ہے کہ یہ ادارہ ایک آزاد آئینی اتھارٹی ہے جو صدر، نائب صدر، لوک سبھا، ریاستی اسمبلیوں اور کونسلوں کے انتخابات عمل میں لاتا ہے۔ووٹر شناخت کے نظام کے بارے میں کمیشن نے کہا ہے کہ بھارت میں فوٹو شناختی کارڈ کی بنیاد پر انتخابات عمل میں لائے جاتے ہیں۔کمیشن نے مزید کہا ہے کہ اب تک ملک میں تقریباً ایک ارب رائے دہندگان کو الیکٹورل فوٹو شناختی کارڈ فراہم کئے گئے ہیں اور رائے دہندگان یہ کارڈ ووٹر سروس پورٹل سے بھی ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔

DC سرینگر

ضلع ترقیاتی کمشنر سرینگر اکشے لابرو نے کل گورنمنٹ گرلز ہائر سکینڈری اسکول نواکدل سرینگر میں منعقدہ ایک تقریب کے دوران ضلعے کے 5 سرکاری اسکولوں میں Information and Communicatio ٹیکنالوجی لیبارٹریوں کا افتتاح کیا۔ان لیبارٹریوں کا قیام ایک پرائیویٹ ادارے کی جانب سے کارپوریٹ سوشل Responsibility کے تحت عمل میں لایا گیا ہے جن کا مقصد ڈیجیٹل ٹیکنالوجی پر مبنی تعلیمی ڈھانچے کو مزید مستحکم بنانا ہے۔

DC اننت ناگ

ڈپٹی کمشنر اننت ناگ ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے ضلع افسران کی ایک میٹنگ میں پردھان منتری آواس یوجنا کی عمل آوری کا جائزہ لیا۔متعلقہ حکام نے مذکورہ یوجنا کے تحت حاصل کئے گئے اہداف کے بارے میں جانکاری دیتے ہوئے کہا کہ اس یوجنا کے گرامین اور شہری مدوں کے تحت 32 ہزار درخواستیں موصول ہوئی ہیں جن میں سے 17 ہزار 884 درخواست دہندگان کو گرامین رہنما خطوط کے تحت اہل قرار دیا گیا ہے اور ان درخواستوں پر کاروائی شروع کی گئی ہے۔

DC کولگام

کولگام کے ضلع ترقیاتی کمشنر شہزاد عالم نے کل ضلعے میں آدھار سیوا کیندر کا افتتاح کرکے اس کو عوام کے نام وقف کیا۔اس کیندر میں آدھار سے متعلق تمام سہولیات اور خدمات دستیاب رہیں گی ۔اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے شہزاد عالم نے کہا کہ ضلع انتظامیہ لوگوں کو ہر طرح کی سہولیات فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہے ۔

عید میلاد

عید میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں ایام متبرکہ جاری ہیں ۔اس تعلق سے آثار شریف درگاہ حضرت بل اور وادی کی دیگر خانقاہوں ،مساجد اور بقعہ جات میں خصوصی دینی مجالس کا اہتمام جاری ہے ۔درگاہ حضرتبل میں ختمات المعظمات کی مجلس کا اہتمام ہر روز نماز عصر سے نماز مغرب تک ہوتا ہے ۔اس دوران فرزندان توحید اللہ کے حضور سربسجود ہو کر اپنے گناہوں کی معافی طلب کرکے ملک وقوم کی فلاح و بہبود کیلئے خصوصی دعائیں مانگتے ہیں ۔واضح رہے کہ عید میلادُالنبی ﷺ کی تقریب سعید **12** ربیع الاول یعنی **26** اگست کو منائی جائے گی ۔

چھڑی مبارک

اننت ناگ کے ڈپٹی کمشنر جو پہلگام راستے کیلئے یاترا افسر بھی ہیں ، نے ایک میٹنگ کے دوران سالانہ امرناتھ جی یاترا کے سلسلے میں چھڑی مبارک کو گپھا تک پہنچائے جانے کیلئے کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا۔اس موقعہ پر بتایا گیا کہ چھڑی مبارک سرینگر سے **22** اگست کو روانہ کیا جائے گا اور مختلف مقامات پر رُکنے کے بعد یہ **28** اگست کو پوتر گپھا پہنچ جائے گی ۔ یاترا افسر نے تمام افسروں کو ہدایت دی کہ وہ اس سلسلے میں تمام انتظامات مکمل کریں ۔

NCB

نارکوٹکس کنٹرول بیورو نے منشیات کے کاروبار کے خلاف بڑی کاروائی کرتے ہوئے ایک ٹرانس نیشنل ڈرگ نیٹ ورک کا پردہ فاش کرتے ہوئے 15 کروڑ روپے مالیت کی نشیلی اشیاء ضبط کی ہے ۔اس سلسلے

میں نائجیریا کے 4 باشندوں کو گرفتار کیا گیا ہے۔ NCB نے اس معاملے کے تعلق سے مزید تحقیقات شروع کی ہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **21** اعشاریہ **4** ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **23** اعشاریہ **4** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

**Closign**

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔ خدا حافظ۔